# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 21 August 2026**
**Time : 07:40 PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں سنجیو کمار
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔ وزیراعظم نریندر مودی کا عام لوگوں کے معیارِ حیات میں بہتری لانے کی خاطر نئی ایپلیکیشنز تیار کرنے کا سپیس کمپنیوں پر زور

✓ ۲ ۔۔۔۔ ایل جی منوج سنہا نے زرعی سیکٹر کو مستقبل کی صنعت کاری کا اہم ستون دیا قرار // جموں میں کئی پروجیکٹوں کا کیا افتتاح

✓ ۳ ۔۔۔۔ سرینگر میں ''ویسٹ ٹو ونڈر'' پارک کا قیام // وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کیا افتتاح

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔ بھارتی ریلوے نے جموں اور سرینگر کے درمیان تیسری وندے بھارت ریل گاڑی چلانے کو دی منظوری

نریندر مودی

وزیراعظم نریندر مودی نے سپیس کمپنیوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی ٹیکنالوجی کی ایسی نئی ایپلیکیشنز تیار کریں جن کی بدولت عام لوگوں کے معیار حیات میں بہتری آسکے۔آج سیوا تیرتھ نئی دلی میں **20** سٹارٹ اَپس کے سی ای اوز اور فاؤنڈرس کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ خلائی سیکٹر، نجی شراکت داری کیلئے کھل رہا ہے۔جس سے صنعت کاروں کیلئے نئے مواقعے پیدا ہورہے ہیں۔انہوں نے سپیس سیکٹر کی کمپنیوں اور دیگر شعبوں میں کام کررہی کمپنیوں کے مابین بہتر تال میل ضرورت پر زور دیا۔نریندر مودی نے ایک ایسا ماحول تیار کرنے پر بھی زور دیا جس میں جب دنیا خلاء کے بارے میں سوچے تو اس کے ذہن میں بھارت آئے۔

ایل جی سکاسٹ

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ زرعی سیکٹر مستقبل کی صنعت کاری کے ایک اہم ستون کے طور ابھر رہا ہے۔شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی جموں میں آج JKCIP کے تحت سٹارٹ اَپ آؤٹ ریچ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے نوجوانوں سے تلقین کی کہ وہ زرعی شعبے میں دستیاب روزگار کے وسائل کو بڑھاوا دیں اور مقامی سطح کے مسائل کا حل نکالنے میں کلیدی رول ادا کریں۔
ایل جی نے سکاسٹ جموں میں اُنتّی گرلز ہوسٹل، اے آئی اینڈ ایم ایل لیبارٹری، مشروم ریسرچ سینٹر، سریکلچر لیبارٹری اور ڈیجیٹل میڈیا سینٹر کا بھی افتتاح کیا۔اس موقعے پر ایل جی نے جموں وکشمیر کے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ زرعی شعبے کے اعلیٰ ماڈلوں کو آسان بنا کر انہیں اپنی کھیتوں اور یہاں کے آب وہوا اور چلینجوں کے مطابق بروئے کار لا کر فصلوں کی پیداوار اور پیداواریت میں اضافہ کریں۔

**...Byte....**

ایل جی راجوری

دریں اثناء لیفٹیننٹ گورنر نے دھار پور سندر بنی راجوری میں شری امرتیشور رشیو مندر میں حاضری دی اور امرتیشور سروور کا سنگِ بنیاد رکھا۔اپنے خطاب میں ایل جی نے دہشت پسندی، منشیات، رشوت خوری جیسے سماجی بدعات کا قلع قمع کرنے میں سماجی یکجہتی کو اُجاگر کیا۔انہوں نے جموں وکشمیر میں اقتصادی ترقی اور روحانی گوناگونیت کے مختلف پہلوؤں کو بھی اُجاگر کیا۔

سی ایم پولو گراؤنڈ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج پولو گراؤنڈ سرینگر میں **Waste to Wonder Flower Garden** کا افتتاح کیا۔نہایت ہی مہارت کے ساتھ تین **R** یعنی **Reduce , Reuse** اور **Recycle** کے اصول پر قائم کیا گیا یہ گارڈن ضایع کی گئی چیزوں کو باغ میں استعمال ہونے والی مصنوعات میں تبدیل کرتا ہے۔

اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا۔

**....CM Byte.....**

افتتاحی رسم کے موقعے پر ڈائریکٹر فلوریکلچر کشمیر مطہورہ معصوم اور محکمہ کے دیگر کئی افسران بھی موجود تھے۔

عام لوگوں نے سرکار کی اس پہل کی کافی سراہنا کی ہے۔

سکینہ ایتو

جموں وکشمیر کے تمام گورنمنٹ میڈیکل کالجوں کے نان گیز یٹیڈ ماڈل ریکروٹمنٹ **Rules** اگلے مہینے کی **30** تاریخ تک نوٹیفائی کئے جائیں گے۔ یہ فیصلہ آج سرینگر میں صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو کی صدارت میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران لیا گیا۔

میٹنگ کے دوران نئے قائم کئے گئے میڈیکل کالجوں کے مؤثر کام کاج کو یقینی بنانے کیلئے اسامیاں شفاف طریقے پر پُر کرنے کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ بعد میں وزیر موصوفہ نے جی ایم سیز کے احتجاج پر بیٹھے ملازمین سے اپیل کی کہ وہ اپنا احتجاج ختم کریں۔

جاوید ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ بارہمولہ ضلع کے وُسن ٹنگمرگ علاقے میں میوہ منڈی قائم کرنے کیلئے **50** کنال اراضی ہارٹیکلچر پلاننگ اینڈ مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کو پہلے ہی منتقل کی گئی ہے۔

آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے اس پروجیکٹ کو کامیابی کے ساتھ عملانے کیلئے مختلف محکموں اور ایجنسیوں کے درمیان مؤثر تال میل قائم کرنے کی ہدایت دی۔ میٹنگ کے دوران آئندہ دنوں منعقد کئے جانے والے کسان میلے کیلئے کی جارہی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سیول سکریٹریٹ جموں میں Knowledge sharing and Ideation کے موضوع پر ایک ورکشاپ کا افتتاح کیا۔اس ورکشاپ کے ذریعے مختلف محکموں کے افسروں اور اہلکاروں کے اپنے کام سے متعلق تجربات اور تکنیکی علمیت ایک دوسرے کے ساتھ بانٹنے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔افتتاحی رسم کے موقعے پر جل شکتی کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شالین کابرا بھی موجود تھے۔

اسپیکر

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج بڈگام ضلع کے بزگو اور نلناگ کا دورہ کرکے وہاں عام لوگوں کو درپیش مسائل ومشکلات کا جائزہ لیا۔انہوں نے لوگوں کے مطالبات متعلقہ حکام کی نوٹس میں لانے کا یقین دلایا۔ہمارے نمائندے شوکت شاہ نے خبر دی ہے کہ عبدالرحیم راتھر نے نلناگ اور ملحقہ علاقوں میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

ٹرانسفر پالیسی

جموں وکشمیر کے اسکولی تعلیم محکمہ نے اس شعبے کے ملازمین کی تبدیلی کیلئے ایک جامع پالیسی نوٹیفائی کی ہے۔اس پالیسی کا مقصد ملازمین کی تبدیلی اور تقرری کے عمل میں مزید شفافیت اور جوابدہی لانا ہے۔ اس پالیسی کا اطلاق اساتذہ،ماسٹروں،لیکچرروں،ہیڈماسٹروں،پرنسپلوں،زونل ایجوکیشن افسروں،چیف اور ایجوکیشن افسروں پر ہوگا۔حکومت نے کہا ہے کہ اس پالیسی کے ذریعے اسکولوں اور دیگر تعلیمی اداروں میں مناسب عملے کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے گا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

وندے بھارت

بھارتی ریلوے جموں اور سرینگر کے درمیان اُدھمپور سے ہوتے ہوئے ایک تیسری وندے بھارت ریل گاڑی شروع کرنے جارہا ہے۔اس نئی ریل خدمت سے مسافروں کو کافی راحت ملے گی اور جموں کشمیر کے **2** شہروں کے درمیان ریل گاڑی کی خدمات میں اضافہ ہوگا۔مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو کا ایک خط شیئر کیا ہے۔اس خط میں اشونی ویشنو نے بتایا کہ شہید کیپٹن تُشار مہاجن اسٹیشن اُدھمپور ہوتے ہوئے جموں توی اور سرینگر کے درمیان ایک تیسرے وندے بھارت کیلئے منظوری دے دی گئی ہے۔

پرسار بھارتی میٹنگ

پرسار بھارتی کے ممبر پرسنل راجیو بھردواج نے آج سرینگر کا دورہ کرکے یہاں آکاشوانی سرینگر اور دوردرشن کیندر سرینگر کے کام کاج نیز ملازمین کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔انہوں نے آکاشوانی سرینگر اور دوردرشن کیندر سرینگر میں دو علیحدہ علیحدہ میٹنگیں منعقد کیں اور ان دو میڈیا یونٹوں کے کام کاج میں بہتری لانے سے متعلق امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا

۔آکاشوانی سرینگر میں منعقدہ میٹنگ میں سینئر اکنامک ایڈوائزر رویندر کمار جینا،اے ڈی جی راج بھاشا سنجیو کمار سکسینہ،اے ڈی جی گلوبل آوٹ ریچ پرکاش ویر،آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گربندر سنگھ،آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ اشفاق احمد شاہ،آکاشوانی سرینگر کے پروگرام سربراہ غلام رسول آخون،کمرشل براڈ کاسٹنگ سروس سرینگر کی سربراہ سمینہ شاہ اور سٹیشن کے کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔ممبر پرسنل نے ملازمین کو یقین دلایا کہ ان کے جائز مطالبات ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔

چینی

مرکزی سرکار چینی کی قیمتوں میں اضافے سے پیدا ہوئی صورتحال پر مسلسل نگاہ رکھے ہوئے ہیں اور چینی کی قیمتوں کو اعتدال پر رکھنے کیلئے مناسب اقدامات کئے جارہے ہیں۔سرکار نے کہا ہے کہ چینی کی قیمتوں میں اضافے کو کسی بھی صورتحال میں ایتھینول کے ساتھ نہیں جوڑا جاسکتا ہے۔ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ چینی کی پیداوار میں غیر متوقع کمی دیکھی گئی ہے تاہم سرکار ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت انتظامات کررہی ہے۔یہ بات قابل ذکر ہے کہ چینی کی قیمت حالیہ دنوں **48** روپے **18** پیسے فی کلو سے بڑھ کر **55** روپے **70** پیسے فی کلو ہوگئی ہے۔

این سی

وادی کے مختلف علاقوں سے آئے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے کئی وفود نے آج سرینگر میں نیشنل کانفرنس کے صدر دفتر پر وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی کے ساتھ ملاقات کی اور اپنے مطالبات اُن کی نوٹس میں لائے۔ پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی ہدایت پر منعقد کئے گئے اس عوامی دربار میں صوبائی صدر کشمیر شوکت احمد میر اور کئی دیگر لیڈران بھی موجود تھے۔ناصر اسلم وانی نے وفود کے جائز مطالبات پورا کرنے کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ موجودہ سرکار عوامی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کیلئے پُرعزم ہے۔اس دوران پارٹی کی خواتین وِنگ کی صدر شمیمہ فردوس کی صدارت میں کارکنوں کا ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں تنظیمی اموراور لوگوں کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

کھٹانہ

بی جے کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے بھارتی مصنوعات کی برآمدات میں ریکارڈ اضافے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس ضمن میں اعداد وشمار وزیراعظم کے ترقی کے نظریے کی عکاسی کرتے ہیں۔انہوں نے صنعت کاروں، کارخانہ داروں اور برآمدکاروں کو اس کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔

بی جے پی

بی جے پی جموں وکشمیر کے ترجمان اور بین الاقوامی امور کے کنوینر گورو گپتا نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اپنے ایک بیان میں بھارت کے انتخابی نظام کا ذکر کیا ہے، جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عالمی سطح پر ملک کی شبیہہ کافی مضبوط ہوئی ہے۔اس دوران پارٹی نے لداخ میں جموں وکشمیر ہائی کورٹ کا ایک بینچ قائم کئے جانے کے مرکزی سرکار کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔

کرشی وگیان

کرشی وگیان کیندر گاندربل کی طرف سے ایگریکلچر افسروں کیلئے اے ٹی ایم اے ڈی پی کے تحت ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔اس موقعے پر کیندر کے سربراہ ڈاکٹر اعجاز احمد ملک نے سوائل ہیلتھ، حیاتیاتی تنوع اور ماحولیاتی توازن کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں شرکاء کو جانکاری دی۔اُدھر کرشی وگیان کیندر بڈگام اور سپائسز بورڈ سرینگر کی طرف سے بھی آج کھاگ درنگ بڈگام میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں ماہرین نے کسانوں کو مسالحہ جات اُگانے اور ان کے رَکھ رکھاؤ اور مارکیٹنگ کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا۔

یوم آنٹر پرنیور

آج ورلڈ آنٹر پرنیورس ڈے منایا جارہا ہے ۔ یہ دن صنعت کاروں کی اختراعیت اور قائدانہ صلاحیت کے احترام میں منایا جاتا ہے ۔اس دن کی مناسبت سے آج کئی تقریبات منعقد ہوئی ۔

کولگام

کولگام ضلع سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے منیرل واٹر پلانٹ قائم کرکے نہ صرف اپنے لئے روزگار کا وسیلہ پیدا کیا ہے بلکہ جموں وکشمیر کی خواہشمند خواتین صنعت کاروں کیلئے ایک مثال قائم کی ہے ۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ تین بچوں کی ماں رومی جان نامی اس خاتون نے ڈسٹرکٹ انڈسٹریز سینٹر سے 70 لاکھ روپے کی مالی مدد حاصل کرکے یہ یونٹ قائم کیا ہے ۔رومی جان اس وقت 12 مقامی خواتین کو بھی روزگار فراہم کررہی ہے ۔

عید میلاد

آج ماہِ میلادالنبی یعنی ربیع الاول کا پہلا جمعہ ہے ۔اس مناسبت سے آج وادی کی خانقاہوں اور زیارتگاہوں میں نماز جمعہ کے موقع پر ایمہ اور خطیب حضرات نے سیرت نبی ﷺ کے مختلف گوشوں کو بیان کیا۔اس دوران عید میلادالنبی ﷺ کی مناسبت سے مساجد اور خانقاہوں میں مولود کی مجالس کا انعقاد جاری ہے۔ آثارشریف درگاہ حضرتبل میں ہرروز نماز عصر سے نمازِ مغرب تک محفلِ مولود کا اہتمام ہوتا ہے ۔عید میلادالنبی ﷺ کی تقریب سعید 12 ربیع الاول یعنی 26/ اگست کو منائی جارہی ہے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32.8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 57 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 10 منٹ پر ہوگا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
ایک وقفے کے بعد آپ سنیں گے تبصرہ، ہمیں دیجئے اجازت
خدا حافظ۔